## محاذ آرائی کی سیاست کسی بھی طرح پاکستان کے استحکام اور جمہوریت کے مستقبل کے مفاد میں نہیں ہے، الطاف حسین

## وقت کا تقاضا ہے قومی سلامتی وبقاء کی خاطر ذاتی وسیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر فیصلے کئے جائیں

## تاکہ ملک میں جمہوری عمل جاری رہ سکے

## بات چیت اور بامقصد مذاکرات کے ذریعہ گورنرراج کے خاتمہ، عدلیہ کی آزادی اور

## معزول ججوں کی بحالی کا کوئی نہ کوئی حل نکالا جاسکتا ہے

## محاذ آرائی کے ذریعہ فوج کو سیاسی معاملات میں الجھانا کسی بھی طرح ملک کے مفاد میں نہیں ہے

## صدر، وزیراعظم، نوازشریف، شہبازشریف، علی احمد کرد اور اعتزاز احسن سے الطاف حسین کی دردمندانہ اپیل

لندن۔۔۔13، مارچ 2009ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور وکلاء رہنماؤں سے کہا ہے کہ محاذ آرائی کی سیاست کسی بھی طرح پاکستان کے استحکام اور جمہوریت کے مستقبل کے مفاد میں نہیں ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، مسلم لیگ (ن) کے سربراہ محترم نوازشریف، محترم شہبازشریف، دیگر تمام جماعتوں کے محترم ومعزز رہنماؤں، سپریم کورٹ بار کے صدر محترم علی احمد کرد اور ممتاز وکلاء رہنما محترم اعتزاز احسن سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ ملک داخلی طور پر جس انتشار کا شکار ہے اس سے آپ سب بخوبی واقف ہیں۔ دن بدن پاکستان پر بین الاقوامی دباؤ بڑھتا جارہا ہے اور پاکستان کو درپیش اندرونی وبیرونی خطرات سے بھی آپ جیسے تجربہ کار سیاستداں بخوبی واقف ہیں لہٰذا ان حالات میں محاذ آرائی کی سیاست کسی بھی طرح ملک کے استحکام اور جمہوریت کے مستقبل کے مفاد میں نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ قومی سلامتی وبقاء کی خاطر ذاتی وسیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر فیصلے کئے جائیں تاکہ ملک میں جمہوری عمل جاری رہ سکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی کے نام پر میری آپ تمام رہنماؤں سے دردمندانہ اپیل ہے کہ محاذ آرائی کا راستہ ترک کرکے فی الفور افہام وتفہیم اور بات چیت کا راستہ نکالا جائے۔انہوں نے کہا کہ بات چیت اور بامقصد مذاکرات کے ذریعہ گورنر راج کے خاتمہ، آئین وقانون کی روشنی میں عدلیہ کی آزادی کے مطالبات کا حل اور معزول ججوں کی بحالی کے مسئلہ کا بھی کوئی نہ کوئی حل نکالا جاسکتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام معزز ومحترم رہنماؤں کو اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ ہماری مسلح افواج وقومی سلامتی کے ادارے پہلے ہی سرحدوں اور شورش زدہ علاقوں میں نہ صرف اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں بلکہ اپنی قیمتی جانوں کے نذرانے بھی پیش کررہے ہیں اور محاذ آرائی کے ذریعہ فوج کو سیاسی معاملات میں الجھانا کسی بھی طرح ملک کے مفاد میں نہیں ہے لہٰذا میری تمام معزز رہنماؤں سے اپیل ہے کہ انہیں ملک کی سلامتی کے نام پر محاذ آرائی سے گریز اور سیز فائر کیوں نہ کرنا پڑے ضرور کریں، بات چیت کیلئے اپنے اپنے دروازے کھولیں اور اپنے اپنے ذہنوں اور دلوں کو بھی وسیع کرکے ملک کے مفاد کی خاطر آپس میں بیٹھ کر محاذ آرائی کے بجائے بات چیت اور دلائل کے ذریعہ قائل کردو یا قائل ہوجاؤ کی بنیاد پر وسیع النظری کا مظاہرہ کریں تاکہ ملک کو موجودہ بحران اور تصادم کی راہ سے فی الفور باہر نکالا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ بات چیت اور مذاکرات کے عمل میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے محترم ومعزز رہنماؤں کو بھی شامل کیا جائے تاکہ پاکستان کو موجودہ بحران سے نکالا جاسکے۔

## فاروق ایچ نائیک اور جان محمد جمالی کی بلا مقابلہ کامیابی ایک تاریخی ہے، الطاف حسین

## پیپلزپارٹی کے امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی میں ایم کیوایم کا بڑا کردار ہے، وزیراعظم

## وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کی الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔13، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی فون پر وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کو سینیٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخابات میں پیپلزپارٹی کے نامزد امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخابات میں فاروق ایچ نائیک اور جان محمد جمالی کی بلا مقابلہ کامیابی ایک تاریخی کامیابی ہے جس پر میں اپنی اور ایم کیوایم کی جانب سے آپ، نومنتخب چیئرمین وڈپٹی چیئرمین سینیٹ، پیپلزپارٹی کے تمام

رہنماؤں اور کارکنوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین سینیٹ اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخابات میں پیپلزپارٹی کے نامزد امیدواروں فاروق ایچ نائیک اور جان محمد جمالی کی بلا مقابلہ کامیابی میں متحدہ قومی موومنٹ نے بہت بڑا کردار ادا کیا ہے جس پر میں آپ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن، قصبہ علی گڑھ، برنس روڈ سیکٹرز اور ٹھٹھہ زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، مارچ 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کی یونٹ کمیٹی کے رکن آصف کے والد سلیم الدین، ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ بنوں کے جوائنٹ یونٹ انچارج رجڑ نو سومرو کی ہمشیرہ محترمہ رحمت سومرو، ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 122 کے کارکن محمد عادل کی والدہ محترمہ فہمیدہ بیگم اور ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن رئیس احمد علوی کے والد اعجاز احمد علوی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم کی برسی ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئیں

## برسی کے سلسلے میں مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا

## سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ نے خشوع وخضوع سے اجتماعی دعا کرائی

## رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں نے قبرستان جاکر قبروں پر فاتحہ خوانی کی اور پھولوں کی چادر چڑھائی

کراچی۔۔۔13، مارچ 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم کی 42 ویں برسی ایم کیوایم کے تحت ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی۔ 42 ویں برسی کے سلسلے میں کراچی کے علاوہ سندھ بھر میں قائم ایم کیوایم کے زونل دفاتر، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزاد کشمیر اور دارالحکومت اسلام آباد کے ضلعی دفاتروں میں چھوٹے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں نذیر حسین مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور نذیر حسین مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان انیس احمد قائمخانی، شکیل عمر، اشفاق منگی، ڈاکٹر نصرت، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست وزرا، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلر، کراچی کی سیکٹرز کمیٹیوں کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان کے علاوہ ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں حق پرست سینیٹر عبدالخالق پیرازادہ نے خشوع وخضوع کے ساتھ نذیر حسین مرحوم کی مغفرت اوران کے بلند درجات سمیت حق پرست شہداء کی مغفرت، لواحقین کے لئے صبرجمیل، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، اسیر کارکنان کی رہائی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی اجتماعی دعا کرائی۔ علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے پاپوشنگر قبرستان جاکر قائدتحریک الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم، والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب س قبروں پر پھوپوں کی چادریں بھی چڑھائی۔ کراچی کی طرح اندرون سندھ میں قائم سکھر، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشہروفیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، نوابشاہ، سانگھڑ، میرپورخاص، حیدرآباد، ٹنڈوالہ یار، جامشورو، عمرکوٹ میں بھی نذیر حسین مرحوم کی برسی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں زونل کمیٹیوں کے انچارجز، اراکین زونل کمیٹی، حق پرست اراکین اسمبلی، میونسپل کمیٹیوں حق پرست نمائندگان، شعبہ جات اور ونگز کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔ اسی طرح صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان سمیت دارالحکومت اسلام آباد اور آزاد جموں وکشمیر میں بھی قائدتحریک الطاف حسین کے والدمحترم نذیر حسین مرحوم کی 42 ویں برسی کے اجتماعات منعقد کئے گئے اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔

☆☆☆☆☆